ہندوستان کا مستقبل

اور اسلام

مرتب
اشتیاق دانش

انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز، نئی دہلی ۲۵

ہندوستان کا مستقبل اور اسلام

Hindustan Ka Mustaqbil Aur Islam

Editor: **Prof. Ishtiyaque Danish**

مصنف کے افکار وخیالات سے ناشر/تقسیم کار کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ISBN: 978-93-84973-93-3

کل صفحات : 342

سال اشاعت : 2021

قیمت : 345/-

مطبع : بوسکو سوسائٹی فار پرنٹنگ اینڈ گرافک ٹریننگ، اوکھلا روڈ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

ناشر

انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز

162، جوگا بائی، جامعہ نگر، نئی دہلی-110025

Tel.: 91-11-26981187, 26989253, 26987467

ملنے کا پتہ

قاضی پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

B-35، نظام الدین (ویسٹ)، نئی دہلی-110013

Tel.: 91-11-41827475, 24352732, 24352048

email: qazipublishers@yahoo.com

نمبر	عنوان	مصنف	صفحہ
۱۴۔	تکثیری سماج میں اسلام کی نمائندگی	مجتبیٰ فاروق	۱۸۹
۱۵۔	اسلام اور تکثیری ثقافت: عہد مغلیہ کے خصوصی حوالے سے	محمد عمر فاروق	۲۰۶
۱۶۔	تکثیری معاشرہ میں شرعی عدالت کا قیام اور اس کی ضرورت	ندیم اشرف	۲۲۱
۱۷۔	اسلام اور مذہبی رواداری	محمد طارق ایوبی ندوی	۲۲۹
۱۸۔	ہندو مسلم تعلقات اور سنگھ پریوار	احسان اللہ فہد	۲۷۶
۱۹۔	غیر مسلموں کے ساتھ بھائی چارہ اور مساوات	نجم السحر	۲۹۲
۲۰۔	ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل کا حل، حلف الفضول، میثاق مدینہ اور صلح حدیبیہ کی روشنی میں	محمد اشرف الکوثر	۳۰۲
۲۱۔	جہاد اسلامی اور آتنک واد: دو متضاد راہیں	ریحان اختر قاسمی	۳۲۱
۲۲۔	ہندوستان میں مسلمانوں کے خلاف کچھ غلط فہمیاں	زبیر ظفر خان	۳۳۴
۲۳۔	مقالہ نویسیوں کا تعارف		۳۴۱

ہندوستان میں مسلمانوں کے خلاف کچھ غلط فہمیاں

زبیر ظفر خان

ہندوستان میں مختلف نسلیں اور مختلف مذاہب کے لوگ باہر سے آکر آباد ہوئے۔ان میں سب سے پہلے دراوڑ لوگ آئے، اسکے بعد آرین لوگ آئے، اسکے بعد مسلمان آئے اور آخر میں انگریز آئے۔حالانکہ دراوڑ لوگوں کے بارے میں مورّخین میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا وہ لوگ باہر سے آئے یا وہ یہیں کے رہنے والے تھے۔دراوڑ نسل کے لوگ وہ ہیں جو آجکل جنوبی ہندوستان میں پائے جاتے ہیں۔ یہ لوگ قدرے سانولے رنگ کے ہوتے ہیں بمقابلہ آرین لوگوں کے۔آرین لوگ زیادہ تر شمالی ہندوستان میں پائے جاتے ہیں اور یہ لوگ دراوڑ لوگوں کے مقابلے میں زیادہ گورے اور لمبے چوڑے ہوتے ہیں۔کہا جاتا ہے کہ دراوڑ لوگ، آرین لوگوں کے آنے سے پہلے شمالی ہندوستان میں آباد تھے لیکن جب آرین ہندوستان آئے تو انہوں نے دراوڑ لوگوں کو مار بھگایا اس لئے دراوڑ لوگ جنوبی ہند منتقل ہو گئے جبکہ آرین لوگ شمالی ہند میں بس گئے۔کہنے کا مطلب یہ ہے کہ دراوڑ لوگوں کے بارے میں تو مورخین میں اختلاف ہے لیکن آرین کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور سارے مورخین مانتے ہیں کہ یہ لوگ ایران یا یورپ سے آئے تھے۔یہ دراوڑ اور آرین لوگ، الگ الگ مذاہب اور الگ الگ دیوی دیوتاوں کو مانتے ہیں لیکن ان دونوں کو عربوں نے ایک نام دیدیا وہ ہے 'ہندو'۔ان باہر سے آنے والوں میں سبھی لوگوں نے تھوڑے تھوڑے دن حکومت کی۔کچھ دن دراوڑ نے، کچھ دن آرین نے، کچھ دن مسلمانوں نے اور کچھ دن انگریزوں نے لیکن اگر دیکھا جائے تو ہندوستان کی تہذیب وثقافت کو جتنا مسلمانوں سے فائدہ ہوا اتنا کسی سے نہیں ہوا۔مسلمانوں نے جو تحفے ہندوستان کو دئے انکا کوئی ثانی نہیں ہے۔مسلمانوں نے تاج محل دیا، لال قلعہ دیا، آگرہ کا قلعہ دیا اور ہزاروں تاریخی عمارتیں ہیں جو پورے ہندوستان کی سرزمین پر پھیلی